نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

12مئی 2009

برائے فوری اجراء

126/2009

رابطہ: لُو فنٹر، ترجمان

0300-501-2640

امریکہ کی جانب سے بے گھر ہونے والے افراد کے کیمپوں کے لئے بجلی اور دیگر ہنگامی ساز وسامان کی فراہمی

اسلام آباد (12 مئی 2009ء) ___ امریکی عوام پاکستان کو بجلی اور نقل وحرکت کا ساز وسامان فراہم کر رہے ہیں، جس میں جنریٹر، پانی کے پمپس اور روشنی کے لئے ٹرانسفارمرز شامل ہیں جن سے پاکستان کے صوبہ سرحد میں 22 ہزار سے زیادہ بے گھر ہونے والے افراد مستفید ہوں گے۔

نقل وحرکت اور دیگر ضروری ساز وسامان میں لیپ ٹاپ کمپیوٹرز، کرائے کی گاڑیاں اور انٹرنیٹ کے کنکشن کی سہولیات شامل ہیں، جو ہنگامی امدادی کارروائیوں میں معاون ومددگار ثابت ہوں گی۔

گزشتہ روز (11 مئی) امریکہ نے پاکستان کے صوبہ سرحد کے اضلاع بونیر، دیر اور سوات میں شورش سے متاثرہ خاندانوں کے لئے جو فوری ہنگامی امداد فراہم کی تھی، اُس کی مالیت 4.9 ملین ڈالر ہے اور اس سے خطروں سے دوچار خاندانوں جن میں عورتیں اور بچے بھی شامل ہیں کے لئے خیمے، کمبل، کھانا پکانے کے برتن، جیری کین، صابن اور بستروں کی خریداری کی جائے گی۔ امریکہ صورت حال کا بدستور جائزہ لیتا رہے گا اور اگر ضرورت پڑی تو مزید امداد فراہم کرے گا۔

امریکی عوام کی جانب سے حالیہ امداد کے بعد گزشتہ اگست سے اب تک امریکہ کی جانب سے پاکستان کے اندرون ملک بے گھر ہونے والے لوگوں کے لئے دی جانے والی امداد 66.8 ملین ڈالر سے زیادہ ہوگئی ہے۔

امریکہ 2002ء سے اب تک پاکستان کو اقتصادی ترقی، تعلیم، صحت اور نظم ونسق اور زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں تعمیر نو کی سرگرمیوں کے لئے 2 ارب ڈالر سے زیادہ کی امداد فراہم کر چکا ہے۔

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800